© rasailojaraid.com



یعقوب صاحب کی متعدد تصانیف و تالیفات منظر عام پر آ چکی ہیں، الصلوٰۃ والسلام علی رحمۃ للعالمین دو جلدیں، کتاب الدعاء والاستغفار، اللہ رب العالمین خدایا گوڈ وغیرہ، صحیفہ ہمام بن منبہ بھی آپ کے تعاون وتوجہ سے شائع ہوئی ہے۔

پیش نظر کتاب اسماء حسنیٰ کی دوسری جلد ہے ص ۲۲۹ تا ۶۱۵، اسماء حسنیٰ مع ترجمہ، اسماء حسنیٰ کے اندراج کے ساتھ اس کی وضاحت پیش کی گئی ہے۔ ہر اسم کے لغوی معنی کی وضاحت کے بعد قرآن وحدیث میں اس اسم کی جو مثالیں ملتی ہیں، انہیں باحوالہ پیش کیا گیا ہے۔ کتاب میں ۳۷۱ قرآنی آیات اور ۳۴۴ راحادیث سے استفادہ کیا گیا ہے۔

کتاب کے آغاز میں متعلقہ جلد پر اہل علم اور جرائد واخبارات کی آراء پیش کی گئی ہیں، پھر گیارہ ابواب میں اسماء حسنیٰ اور ان کے مأخذ کو چارٹ کی شکل میں جدید اسلوب میں پیش کیا گیا ہے۔ بالخصوص اسم ذاتی اللہ عزوجل کو خصوصی بحث کا موضوع بنایا ہے، ملکی ومدنی سورتوں کی تفصیل بیان کی گئی ہے۔ جن اسماء پر کوئی دلیل نہیں مل سکی ہے۔ ان کی بھی نشانہ ہی کردی گئی ہے۔ یعقوب صاحب نے مباحث کو بہت سائنٹفک انداز میں منجھے ہوئے مصنف کی طرح پیش کیا ہے، کتاب کے آخر میں ص ۶۱۸ تا ۶۲۸ اسماء حسنیٰ پر جن کتب سے موصوف نے استفادہ کیا ہے، یا جو اس موضوع پر تصنیف کی گئی ہیں، ان کی فہرست پیش کردی ہے، کتاب کیا ہے؟ ظاہری وباطنی خوبیوں کا مجسم ہے، شاندار وخوبصورت کمپوزنگ ڈیزائننگ وطباعت کا شاہکار ہے، اس علمی کاوش کی جتنی تعریف کی جائے کم ہے، اردو زبان میں یہ بہت شاندار کوشش وکاوش ہے، اور پھر مفت فراہم کی گئی ہے۔ ہے دعاء اللہ تعالیٰ موصوف کو دنیا وآخرت میں اجر عظیم عطا فرمائے۔

کتاب کا نام : اللہ رب العالمین خدایا گوڈ (God)

مولف/مصنف کا نام: رشید اللہ یعقوب

ناشر: رحمۃ للعالمین ریسرچ سینٹر کراچی

قیمت وصفحات : قیمت درج نہیں، صفحات ۱۹۷

© rasailojaraid.com